سوال

(239)لڑکے کا حصہ

جواب

السلام عليكم ورحمة الله وبركاته

کیا فرماتے ہیں علمائے دین اندریں مسئلہ کہ زید کا ایک لڑکا عرصہ پانچ سال سے زید کا کاروبار کرتا رہا،کھاتا پیتا بھی رہا،زید کے انتقال کے بعد وہ لڑکا اپنے حصہ کے علاوہ،زید کی ملکیت سے کچھ اور کا بھی حق دار ہوتا ہے یا نہیں؟

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاته!

الحمد لله، والصلاة والسلام علىٰ رسول الله، أما بعد!

زید کے انتقال کے وقت اس کی ملکیت میں جائداد منقولہ اور غیر منقولہ جوکچھ بھی ہو،اس کے مرنے کے بعد اس کے شرعی وارثوں کے درمیان شریعت میں مقرر کئے ہوئے حصوں کے مطابق تقسیم ہوگی۔زید کا لڑکا زید شرعا وارث ہے اس لئے زید کی ملکیت سے اپنے حصہ شرعی کا حقدار ہے ارشاد ہے : يُوصِيكُمُ اللَّهُ فِي أَوْلَادِكُمْ لِلذَّكَرِ مِثْلُ حَظِّ الْأُنثَيَيْنِ (النساء:11)

زید نے اپنی زندگی میں اس لڑکے کو جوکچھ دیا،اس کا اس حصہ شرعی پر کوئی اثر نہ پڑے گا۔

هذا ما عندي والله أعلم بالصواب

فتاویٰ شیخ الحدیث مبارکپوری

جلد نمبر 2۔کتاب الفرائض والہبة

صفحہ نمبر 443